سوال

حی علی الصلوۃ کا معنی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اذان میں جو حی علی الصلوۃ کے الفاظ ہیں، ان کا مطلب ہے نماز کے لئے آؤ۔ کیا دوسرا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ نماز پر زندہ رہو۔ ؟ کیونکہ حی کا لفظ حیات اور زندگی کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

لفظ حی اسم فعل ہے جو عربی زبان میں اَقبل (آنے) کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ یہاں اس کا یہی معنی واضح ہے کہ نماز کے لئے آؤ۔ جبکہ دوسرے معنی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اگر یہ لفظ بطور اسم فعل استعمال نہ ہوتا تو زندگی کا معنی بھی کیا جا سکتا تھا لیکن یہاں آنے کا معنی ہی مراد ہے۔ اگرچہ نماز سمیت شریعت کے تمام احکام ہی انسان کی بہتر زندگی کا ذریعہ ہے اور انسان کو اپنی تمام زندگی شریعت کے مطابق ہی گزارنی چاہئے اور شریعت پر ہی زندہ رہنا چاہئے، مگر یہاں یہ مفہوم مراد نہیں ہے۔ کیونکہ اگر ہم یہ مفہوم مراد لے لیتے ہیں تو اس کا مطلب ہو گا کہ نماز کے ساتھ ایک تعلق رکھو، اسی پر زندہ رہو، مگر اس میں نماز باجماعت کی پابندی پر سوالیہ نشان لگ جائے گا جو شریعت کی تمام تعلیمات کے منافی امر ہے۔
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ